سوال

(46)کیا عشر کےلیے نصاب مقرر ہے یا نہیں، نیز کن کن فصلوں پر عشر ضروری ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عشر کےلیے نصاب مقرر ہے یا نہیں، نیز کن کن فصلوں پر عشر ضروری ہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عشر کا نصاب مقرر ہے، جو آج کل کے حساب سے بیس (۲۰) من پختہ پڑتا ہے، یعنی جب اناج زمین سے بیس من گھر آئے تو اس پر عشر واجب ہے، چاہی زمین کا بیسواں حصہ اور بارانی زمین کا دسواں حصہ پڑتا ہے، نیز ہر فصل جو اناج کے حکم میں ہے، اور جسے عرف عام میں اناج سمجھا جاتا ہے، گندم، جو، چنے، مکی، مسور، وغیرہ دیگر فصل سبزی کماد، کپاس وغریہ کی قیمت پر زکوۃ جائز ہوگی۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۳شمارہ نمبر ۲۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 133

محدث فتویٰ